© rasailojaraid.com



رنگ کہیں بھی پیدا نہیں ہونے پایا۔ ہر صفحے پر کم و بیش دو چار حوالے امہاتِ کتب کے درج ہیں۔ جدید اسلوبِ تالیف کے مطابق آخر میں اسماء و اعلام اور مآخذ و عناوین کے مفصل اشاریے موجود ہیں۔ کتاب کے اندر جابجا اہم مذکور شخصیتوں کے تراجم حواشی میں دے دیے ہیں۔ کہیں کہیں کتابت کی ایک آدھ غلطی نظر آئی، مثلاً ص۶۸۲ پر "بھول کر کھانے پینے سے روزہ ٹوٹنے کا فیصلہ ابوحنیفہ نے اسی بنا پر کیا ہے" یہاں ٹوٹنے سے پہلے "نہ" کا لفظ چھوٹ گیا ہے۔ بحیثیت مجموعی کتابت، کاغذ، طباعت ہر شے اچھی اور صاف ستھری ہے۔ امید ہے کہ یہ کتاب علمی و دینی حلقوں میں کما حقہٗ التفات اور پذیرائی حاصل کرے گی۔

---

**حیاتِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم** | تالیف: محمد حسین ہیکل، سابق وزیر تعلیم حکومتِ مصر۔ ترجمہ: مولانا ابو یحییٰ امام خان نوشہروی مرحوم۔ شائع کردہ، ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ، کلب روڈ، لاہور۔ قیمت: ۲۲ روپے پچاس پیسے۔ صفحات ۶۵۳۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ پاک پر ہر دور میں جتنی کتب تصنیف ہوئی ہیں، اُن میں زیرِ تبصرہ کتاب ایک قابلِ قدر اضافہ ہے۔ اس کتاب کی ترتیب و تدوین میں فاضل مصنف کے پیشِ نظر چونکہ حضورؐ کی ذاتِ اقدس کے بارے میں مسیحی مصنفین کی پھیلائی ہوئی غلط فہمیوں کا ازالہ ہے، اس لیے انہوں نے ان مقامات پر بڑی شرح و بسط سے بحث کی ہے جو ان معاندین کے اعتراضات کا ہدف ہیں۔ اس نقطۂ نظر سے اگر دیکھا جائے تو یہ کوشش بڑی کامیاب ہے۔ پھر مصنف نے کتاب کے لیے مواد تلاش کرنے میں بھی بڑی محنت اور عرق ریزی کی ہے اور ہر بات کو چھان پھٹک کر قبول کیا ہے۔ لیکن اس کتاب میں دو ایک باتیں ایسی بھی ہیں جو قابلِ غور ہیں۔ ایک تو فاضل مصنف کے نقطۂ نظر میں مرعوبیت کا رنگ نظر آتا ہے۔ خصوصاً اُن مباحث میں جن پر اہلِ مغرب نے زور دے رکھا ہے۔ فاضل مصنف نے ان مقامات پر سیر حاصل بحث کر کے الزامات کو دور کرنے کی کوشش تو کی ہے لیکن ان کا موقف کئی ایک جگہوں پر معذرت خواہانہ ہو گیا ہے۔ دوسرے حضورؐ کے معجزات کو قرینِ قیاس قرار دینے کا انداز کیا گیا ہے اور تیسرے جن جن کتب سے رجوع کیا گیا ہے آخر میں اُن کے نام تو درج کر دیے گئے مگر حاشیہ میں اُن کی پوری طرح صراحت نہ ہو سکنے کی وجہ سے بعض اوقات

© rasailojaraid.com